Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۹ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۳ رمضان المبارک ۱۳۵۵ھ مطابق ۲۸ نومبر ۱۹۳۶ء جلد ۲۰

حصۂ اوّل

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری ایزادی عبارت بہ دفعہ ۴۹ حرف الف قواعد پنشن	۳
۲	" تعین تنخواہ صاحب ریونیو و فائننس منسٹر بہادر	۳-۴
۳	انتظام کار عالیمرتبت جناب آنریری منشی صاحب بسلسلہ روانگی کلکتہ بکار سرکار (بخط انگریزی)	۴

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

۱	منظوری دو آسامیان جدید برائے کار مطلوب ذیل	۴

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:-　　　واقع ۲۵ نومبر سنہ ۱۹۲۶ء

گزشتہ اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم ترمیم مصرحہ عرضداشت کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات برائے کارروائی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

وصدور سے احکام ضابطہ جاری کرادیئے جائیں اور حکم ہذا گزٹ ہو۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض　　　میرسانند

جناب عالی

بسلسلہ رپورٹ کمیٹی کمی مصارف موٹر گراج یکم جولائی سنہ ۱۹۲۶ء کو پانچ اشخاص موٹر گراج سے تخفیفاً علیحدہ کئے گئے۔ ان اشخاص نے عذر کیا کہ چونکہ ہملوگ بغیر کسی اطلاع کے ملازمت سے علیحدہ کئے گئے ہیں۔ اسلئے تین ماہ نوٹس کی تنخواہ دلائی جائے۔

عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر نے تحریر منسلکہ میں ظاہر کیا ہے کہ دفعہ ۴۹-الف قواعد پنشن کی عبارت: "اگر یہ مدت جسکی ماہانہ تنخواہ اسکو وصول ہوگی مدت پنشن میں شمار نہ ہوگی" قابل پنشن عہدوں کے ملازمان تخفیف شدہ کیلئے مخصوص معلوم ہوتی ہے لیکن دفعہ مذکور کی عبارت اولی سے عمومیت کا اظہار ہوتا ہے جسکی توضیح کی ضرورت ہے۔ بنابرآن اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۹ نومبر سنہ ۱۹۲۶ء میں تجویز ہوا کہ:-

کونسل کو اس امر سے اتفاق ہے کہ ناقابل پنشن عہدوں کے ملازمان کو بھی جبکہ وہ علیحدہ کئے جائیں اور آسامی تخفیف کیجائے، تو تین ماہ قبل از تخفیف نوٹس دیئے جانے کی حسب قاعدہ کارروائی کیجائے۔ عدم اجرائے نوٹس کی حالت میں صیغہ متعلقہ تین ماہ نوٹس کی تنخواہ بجٹ متعلقہ سے ادا کرنیکا ذمہ دار ہوگا۔

اسکے مطابق قواعد پنشن کی دفعہ ۴۹ کے حرف الف کی عبارت میں "جب کوئی آسامی" کے الفاظ کے بعد "خواہ وہ ناقابل پنشن ہو" کا جملہ قابل ایزادی ہے اور الفاظ "تین ماہ سالم کی تنخواہ" کے بعد "بجٹ متعلقہ سے" کے الفاظ قابل ایزادی ہیں۔ بنابرآن ترقی خواہ مستدعی ہے کہ ترمیم مصرحہ بالا کی منظوری پیشگاہ عالی سے شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب۔ دولت واقبال جاوید باد۔

[illegible]

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل بغرض گزٹ ہو۔ آرڈر منسلکہ کے عکسی نقول صیغہ متعلقہ اور صیغہ فائنانس کو بھیجی جائیں۔ ۲۰ نومبر سنہ ۱۹۲۶ء

[illegible]

ARMY ORDER.

By

General His Highness the Nawab of Rampur.

Dated 26th November' 1936.

Colonel. D. Bainbridge M. C., Hon'ble Army Minister is authorised to proceed to Calcutta for the purchase of six Remounts.

During his absence all papers for Signature will be broght to me by the Brigade Major.

Lt-Col. Aziz Hasan Khan will be responsible for all Parades.

Signed.

His Highness.

Copies to:-

1. The Hon'ble Chief Minister.
2. The Hon'ble Army Minister.
3. Military Secretary.
4. O/C. Rampur Rohilla Lancers.
5. O/C. 1st Rampur Raza Infantry.
6. O/C. 2nd Rampur Murtaza Infantry.
7. O/C. 3rd Rampur Rafat Infantry.
8. O/C. Gurhka Company.
9. Army Head Quarters.
10. Sarishta Sadar.
11. State Gazatte.
12. Ijlas-i-Humayun.

حکم

واقع ۲۵ نومبر ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بموجب رپورٹ عالیمرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر کا تعین تنخواہ دو ہزار چھ روپیہ چار آنہ ماہوار از یکم نومبر ۱۹۳۶ء منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں ۲۵ نومبر ۱۹۳۶ء

اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض بجناب عالی میرساند

بموجب روبکار اجلاس ہمایوں مورخہ ۲۰ فروری ۱۹۳۶ء عالیمرتبت مسٹر آر۔ ایس سائمن صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر کی تنخواہ معہ الاؤنس بعد ترقی گریڈ یکم نومبر ۱۹۳۶ء سے دو ہزار ... ماہوار منظور فرمائی جا چکی ہے گورنمنٹ نے رقم اضافہ گریڈ پر بجائے پچیس فیصدی کے صرف بیس فیصدی اضافہ ریاست میں منظور کیا ہے لہذا از روئے حساب فائنانس ڈپارٹمنٹ دو ہزار چھ روپیہ چار آنہ ماہوار تنخواہ مسٹر آر۔ ایس سائمن صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر کو ملنا چاہئے۔ یہ تنخواہ سند ہی ہے کہ بارگاہ ہمایوں سے حکم باب تعین تنخواہ دو ہزار چھ روپیہ چار آنہ ماہوار از یکم نومبر ۱۹۳۶ء سے شرف نفاذ پائے کاغذات ذریعہ عرضداشت ابلاغ حضور الوریٰ میں ہے زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال برترقی باد

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۲۵ نومبر

سررشتہ صدر کو احکام جاری ہوں اور درج گزٹ ہو تعمیل حکم کاغذات اور سررشتہ فائنانس ڈپارٹمنٹ کو بھیجے جائیں عرضداشت کی نقل انگریزی دار الانشا کو بھیجی جائے ۲۵ نومبر ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

حکم

۲۴ نومبر ۱۹۳۶ء

حسب تحریر عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر برائے کام ٹیوب ویل ایک جدید آسامی امین کی بشاہرہ پچیس روپیہ اور ایک جدید آسامی سائیکل سوار کی بشاہرہ دس روپیہ ۲۰ نومبر سے منظور کیجاتی ہے۔ میغہ فائنانس کو اتفاق ہے۔ رقم کی گنجایش بجٹ ٹیوب ویل کی مدت ہدایت میں ظاہر کیگئی ہے جس کے باعث توسیع وغیرہ کی ضرورت نہ ہوگی

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات برائے اجرائے احکام بواپسی اسٹیٹ کونسل صاحب سکریٹری بہادر کونسل کی خدمت میں مرسل ہوں

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)